# 1036 ـ کیا موسیقی کےساتھ پڑھے گئے دین شعروں سے کفار کودعوت دینا جائز نہیں ؟

**سوال**

جب عیسائیوں کودین اسلام کے لیے جمع کیا جائے توکیا انہیں موسیقی سے بھری دینی نظموں سے جمع کرکے دعوت دی جاسکتی ہے ؟
اورکیا ایک ایسی دینی گروپ بنایا جاسکتا ہے جودینی اشعار اورنظمیں موسیقی کے ساتھ تیار اوراختیار کرے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

میرے خیال میں اس طرح کا کام کرنے کی کوئ ضرورت نہیں بلکہ ان کے ذمہ یہ ہے کہ وہ عیسائیوں کو مباح اورجائز کام اوروسائل کے ساتھ دعوت دیں مثلا تجوید و ترتیل کے ساتھ قرآن مجید سنا کر یا پھر بلیغ اورموثر قسم کی احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے کانوں میں ڈالی جائیں

اور اسی طرح مفید اور موثرقسم کے ترانے اورنظمیں بغیر کسی موسیقی کے سنائیں جائیں ، اور اسی طرح واضح قسم کے وہ دلائل جومحاسن اسلام پردلالت کرتے ہوں اوراسلامی تعلمیات اوراھداف کواجاگر کرتے ہوں جن سے یہ علم ہوتا ہو کہ دین فطرت اور بشریت کی اصلاح صرف اور صرف اسلام قبول کرنے میں ہی ہے ۔

توجوشخص گانے بجانے کے علاوہ کسی اورچیزکے ساتھ جمع نہیں ہوتا اورقبول نہیں کرتا اس میں کوئ بھلائ اورخیر نہیں ، اوراس کے بارہ میں یہ خیال نہیں کرنا چاہیئے کہ وہ بات کو تسلیم کرتے ہوئے قبول اسلام کی طرف آئے گا ۔ واللہ تعالی اعلم ۔ .